ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (503)

10.10.24

**بہاول پور(              )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے ایس ڈی پی او سرکل احمد پور شرقیہ کے دفتر اور تھانہ مسافر خانہ کا ملاحظہ کیا افسران کے ساتھ کرائم کنٹرول کے حوالے سے میٹنگ کی اور لوگوں کی سہولت کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔کھلی کچہری میں متعدد شہریوں کو سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران شہریوں کے مسائل بروقت حل کرنے کے احکامات جاری کیے،کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا اور گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنا ہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے سرکل احمد پور شرقیہ اور تھانہ مسافر خانہ میں وزٹ کے بعد کھلی کچہری کی جس میں متعدد شہریوں نے شرکت کی۔ڈی پی او کے ہمراہ ڈی ایس پی ، ایس ایچ اوز،میڈیا نمائندگان اور تحصیل کی دیگر معزز شخصیات نے بھی کھلی کچہری میں شرکت کی ۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ دور دراز کے علاقوں میں کھلی کچہری کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے تاکہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دیلیز پر بروقت دادرسی کی جا سکے۔ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو مقدم رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے ۔ بعد ازیں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے سرکل احمد پور شرقیہ کے افسران کے ساتھ کرائم کنٹرول کے حوالے سے میٹنگ کی ۔میٹنگ میں ایس ڈی پی او اور ایس ایچ اوز نے تھانہ کے خدوخال اور جرائم کی صورتحال پر ڈی پی او کو بریفنگ دی۔اس حوالے بات کرتے ہوئے ڈی پی او نے کہا کہ میری پالیسی صرف اور صرف میرٹ ہے،شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کرنا میری اولین ترجیح ہے۔میرے دفتر کے دروازے ہر خاص و عام کیلئے ہمیشہ کھلے ہیں۔پولیس کی طرف سے کسی بھی شہری کی ساتھ زیادتی یا بدعنوانی کی شکایت پر سخت احتساب عمل میں لایا جائے گا۔روزانہ کی پراگرس چیک کی جا رہی ہے۔اشتہاری مجرمان کی گرفتاریوں کا تحرک تیز کیا جائے اور پرانے ملزمان کو ا شتہا ر ی قرا ر د لوا ئیں ۔ا نہو ں نے مز ید کہا کہ قتل ،ا قدا م قتل ، ڈ کیتی ، را بر ی میرٹ اور متعینہ وقت کے اندر کی جائے۔زیر تفتیش مقدمات کو جلد از جلد یکسو کر کے چالان دی گئی ڈیڈ لائین میں عدالت جمع کروائیں۔میٹنگ کے آخر میں ڈی پی او نے ایس ایچ اوز و تمام تفتیشی افسران کو موٹر سائیکل اور گاڑیوں کی چوری کی روک تھام کیلئے موثر حکمت عملی کو یقینی بنانے، درج شدہ مقدمات کو ٹریس کرنے ،مسروقہ پراپرٹی کو برآمد کرنے اور ملزمان کی گرفتاریوں کے متعلقہ ٹاسک سونپے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے ڈی ایس پی سرکل احمد پور شرقیہ کے دفتر اور تھانہ مسافر خانہ کا ملاحظہ کیا افسران کے ساتھ کرائم کنٹرول کے حوالے سے میٹنگ کی اور لوگوں کی سہولت کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا